

روزنامہ
ورق تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताज़ा
19 June 2025



# ایرانی سائنسدانوں کے قتل سے لبنان میں 'پیجر اور واکی ٹاکی بم' تک

## موساد کی کامیابیوں اور ناکامیوں کی کہانی



اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملوں کے آغاز کے بعد سے اسرائیلی طیاروں نے ایرانی جوہری تنصیبات، فوجی تنصیبات اور نجی رہائش گاہوں کو نشانہ بنایا ہے، جن میں سے زیادہ تر ملک کے مغرب اور دارالحکومت تہران کے آس پاس واقع ہیں۔ اگرچہ یہ حملے فضا سے کیے گئے لیکن شبہ ہے کہ اسرائیلی خفیہ ادارے موساد نے بھی ان اہداف کا سراغ لگانے اور زمین سے کارروائیوں میں مدد دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ موساد کے ایجنٹوں نے ایران کے باقی ماندہ فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنانے کے لیے ملک میں سمگل کیے گئے ڈرونز استعمال کیے اور ایرانی حکام پہلے بھی اعتراف کر چکے ہیں کہ انھیں شبہ ہے کہ ان کی سکیورٹی فورسز میں اسرائیلی انٹیلی جنس کے مددگار موجود ہیں۔ 13 جون کو اسرائیلی حملوں کے آغاز کے بعد سے ایرانی فوج کے اہم اعلیٰ حکام اور جوہری سائنس دانوں کی ایک بڑی تعداد کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسرائیل کے پاس ان کے موجودگی کے مقام کے بارے میں خفیہ معلومات موجود تھیں۔ ان واقعات میں موساد کے کردار کا اندازہ لگانا آسان نہیں ہے۔ اسرائیل اس ادارے کی سرگرمیوں کے بارے میں شاذ و نادر ہی تبصرہ کرتا ہے اور اسرائیلی انٹیلی جنس کے دیگر ادارے بھی موجود ہیں لیکن یہاں ہم ماضی میں موساد کی قابل ذکر کامیاب اور ناکام کارروائیوں کا جائزہ لیتے ہیں۔

### موساد کی کامیابیاں

#### حماس کے رہنما اسماعیل ہنیہ کی ہلاکت

حماس کے سیاسی سربراہ اسماعیل ہانیہ کو 31 جولائی 2024 کو تہران کے ایک گیسٹ ہاؤس میں قیام کے دوران ہلاک کر دیا گیا تھا۔ اسرائیل نے ابتدائی طور پر اس قتل کی ذمہ داری قبول نہیں کی تھی لیکن چند ماہ بعد اسرائیل کے وزیر دفاع کاٹز نے اعتراف کیا تھا کہ اس قتل کے پیچھے اسرائیل کا ہاتھ ہے۔ تاہم یہ تاحال واضح نہیں کہ اسماعیل ہنیہ کی موت کیسے اور کن حالات میں ہوئی۔ حماس کے ایک سینیئر عہدیدار خلیل الحیا نے ایک نیوز کانفرنس میں عینی شاہدین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایک میزائل نے ہنیہ کو براہ راست نشانہ بنایا۔ لیکن نیو یارک ٹائمز کی ایک رپورٹ میں سات عہدیداروں کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ ہنیہ ایک بم کا نشانہ بنے جو دو ماہ قبل اس عمارت میں نصب کیا گیا تھا جہاں وہ قیام پذیر تھے۔ بی بی سی ان میں سے کسی بھی دعوے کی تصدیق نہیں کر سکا ہے۔ اسماعیل ہنیہ سات اکتوبر 2023 کو جنوبی اسرائیل پر حماس کے حملے کے بعد اسرائیل کے ہاتھوں مارے جانے والے اہم رہنماؤں میں سے ایک تھے۔ ان کے علاوہ اسرائیل نے غزہ میں حماس کے رہنما یحییٰ سنوار، ان کے بھائی محمد، حماس کے عسکری ونگ کے سربراہ محمد ضیف اور ان کے نائب مروان عیسیٰ کو بھی نشانہ بنایا ہے۔

#### حزب اللہ کے کارکنوں پر 'پیجر' حملے

17 ستمبر 2024 کو لبنان بھر میں بیک وقت ہزاروں پیجرز پھٹے اور یہ واقعات خاص طور پر ان علاقوں میں پیش آئے جہاں عسکریت پسند تنظیم حزب اللہ کا اثر ونفوذ تھا۔ ان دھماکوں میں نہ صرف یہ پیجر استعمال کرنے والے افراد بلکہ ان کے آس پاس موجود افراد بھی زخمی یا ہلاک ہوئے، جس سے بڑے پیمانے پر خوف و ہراس پھیلا۔ اگلے دن واکی ٹاکیز میں بھی اسی طرح دھماکے ہوئے جو مزید سینکڑوں افراد کے زخمی اور ہلاک ہونے کی وجہ بنے۔ اس حملے کے وقت، اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان جھڑپیں چل رہی تھیں جو سات اکتوبر 2023 کو حماس کے حملوں کے ایک دن بعد حزب اللہ کی طرف سے اسرائیلی ٹھکانوں پر راکٹ داغے جانے کے بعد سے بڑھ گئی تھیں۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نتن یاہو نے ان واقعات کے دو ماہ بعد اعتراف کیا تھا کہ اسرائیل اس کا ذمہ دار ہے۔ بی بی سی کے امریکی میڈیا پارٹنر سی بی ایس کو دیے گئے ایک انٹرویو میں دو سابق ایجنٹوں نے آپریشن کی تفصیلات کا انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ موساد نے واکی ٹاکی کی بیٹریوں میں ایک دھماکہ خیز آلہ چھپایا تھا کیونکہ واکی ٹاکی عام طور پر حفاظتی جیکٹ پہننے والے فرد کے دل کے قریب موجود جیب میں رکھے جاتے تھے۔ سی بی ایس کی رپورٹ کے مطابق حزب اللہ نے 10 سال قبل ایک جعلی کمپنی سے 'اچھی قیمت' پر 16 ہزار سے زائد واکی ٹاکی بعد میں پانچ ہزار پیجرز بھی خریدے تھے۔ ان دھماکوں سے پورے لبنان میں خوف کی لہر دوڑ گئی تھی کیونکہ دھماکے بازاروں سمیت بہت سے عوامی مقامات پر ہوئے تھے۔ ان دھماکوں کے بعد لبنان کے ہسپتال زخمیوں سے بھر گئے تھے جن میں سے کئی معذور ہو گئے۔ انسانی حقوق کے معاملات کے لیے اقوام متحدہ کے ادارے کے سربراہ وولکر ترک نے اس حملے کو جنگی جرم قرار دیا ہے۔

#### محسن فخری زادہ کا قتل

نومبر 2020 میں، ایران کے سب سے ممتاز جوہری سائنسدان محسن فخری زادہ کو لے جانے والے قافلے کو دارالحکومت تہران کے مشرق میں فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ فخری زادہ کو ایک ایسی ریموٹ کنٹرول مشین گن سے ہلاک کیا گیا جسے مصنوعی ذہانت کی مدد حاصل تھی۔ بی بی سی فارسی کے جیار گول نے اس وقت لکھا تھا کہ 'کسی بھی متحرک ہدف کو نپے تلے انداز میں ایسے قتل کرنے کے لیے کہ کسی اور کو نقصان نہ پہنچے، جائے وقوع سے واقعے کے وقت دی گئی انٹیلی جنس کی ضرورت ہوتی ہے۔' اپریل 2018 میں نیتن یاہو نے مبینہ طور پر ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق دستاویزات کے درجنوں فولڈرز دکھائے تھے، جن کے بارے میں ان کا کہنا تھا کہ انھیں موساد نے تہران سے صرف 30 کلومیٹر دور ایک سٹوریج تنصیب پر ایک چھاپے کے دوران چوری کیا تھا (بعد میں ایرانی صدر حسن روحانی نے اس کی تصدیق کی تھی)۔ خصوصی طور پر بلائی گئی نیوز کانفرنس میں آرکائیوز پیش کرتے ہوئے اسرائیلی وزیر اعظم نے محسن فخری زادہ کے اس جوہری پروگرام میں کردار پر روشنی ڈالی تھی جس کے بارے میں ان کا کہنا تھا کہ یہ جوہری ہتھیاروں کا ایک غیر اعلانیہ پروگرام تھا۔ اس وقت انھوں نے کہا تھا 'ڈاکٹر محسن فخری زادہ... اس نام کو یاد رکھیں۔' اس سے قبل ایران نے اسرائیل پر الزام عائد کیا تھا کہ اس نے 2010 سے 2012 کے درمیان چار دیگر ایرانی جوہری سائنس دانوں کو بھی قتل کیا تھا۔

#### محمود المبوح کا دبئی کے ہوٹل میں قتل

2010 میں حماس کے ایک سینیئر عسکری رہنما محمود المبوح کو دبئی کے ایک ہوٹل میں قتل کر دیا گیا تھا۔ ابتدائی طور پر یہ ایک قدرتی موت لگ رہی تھی لیکن دبئی پولیس سی سی ٹی وی فوٹیج کا جائزہ لینے کے بعد قاتل ٹیم کی شناخت کرنے میں کامیاب ہوگئی۔ بعدازاں پولیس نے انکشاف کیا کہ محمود المبوح کو پہلے بجلی کا مہلک جھٹکا دیا گیا اور پھر گلا گھونٹ کر قتل کر دیا گیا۔ یہ شبہ ظاہر کیا گیا تھا کہ یہ آپریشن موساد کی طرف سے کیا گیا تھا جس کے بعد متحدہ عرب امارات کی سفارتی ناراضگی کو جنم دیا تھا۔ اسرائیلی سفارت کاروں نے دعویٰ کیا کہ اس حملے میں موساد کے ملوث ہونے کا کوئی ثبوت نہیں تھا تاہم انھوں نے اس کی تردید بھی نہیں کی جو اسرائیل کی ایسے معاملات میں 'ابہام' برقرار رکھنے کی پالیسی سے مطابقت رکھتی ہے۔

#### یحییٰ عیاش اور پھٹنے والا فون

1996 میں ایک خفیہ کارروائی کے دوران موساد نے حماس کے ایک اہم رکن اور بم تیار کرنے والے یحییٰ عبداللطیف عیاش کو قتل کر دیا تھا۔ اس کارروائی کے لیے موٹرولا ایلفا موبائل فون میں 50 گرام دھماکہ خیز مواد نصب کیا گیا تھا۔ یحییٰ عیاش حماس کے عسکری ونگ کے نمایاں رہنما تھے اور انھیں بم تیار کرنے کی صلاحیت کے ساتھ ساتھ اسرائیلی اہداف کو نشانہ بنانے والے پیچیدہ حملوں کی منصوبہ بندی کی وجہ سے جانا جاتا تھا۔ اسی لیے وہ اسرائیل کو مطلوب افراد کی فہرست میں شامل ہو چکے تھے۔ 2019 میں اسرائیل کی جانب سے یحییٰ عیاش کے قتل کے چند تفصیلات کی نشریات پر پابندی ہٹا دی تھی اور اسرائیلی ٹی وی نے یحییٰ کی اپنے والد سے ہونے والی آخری گفتگو کی ریکارڈنگ بھی نشر کی تھی۔ یحییٰ عیاش کے قتل سے بھی واضح ہوتا ہے کہ موساد کس طرح سے جدید ٹیکنالوجی کو ٹارگٹ کلنگ میں استعمال کرتی رہی ہے۔

#### 'آپریشن برادرز'

1980 کے آغاز میں موساد نے جھانسہ دینے کی ایک غیر معمولی کارروائی میں، اس وقت کے وزیر اعظم کی ہدایت پر، ایتھوپیا سے سات ہزار سیاہ فام یہودیوں کو سوڈان کے راستے اسرائیل سمگل کیا۔ اس خفیہ آپریشن کے دوران ایک جعلی ڈائیونگ ریزورٹ قائم کیا گیا۔ واضح رہے کہ سوڈان عرب لیگ کا رکن ملک اور اسرائیل مخالف تھا اور اسی لیے خفیہ طریقے سے موساد کے ایجنٹوں کی ایک ٹیم نے ساحل سمندر پر اپنے اڈے کو ایک جعلی ہوٹل کا روپ دیا۔ دن کے وقت اسرائیلی ایجنٹ ہوٹل کا عملہ بن کر کام کرتے تھے اور رات میں یہودیوں کی سمگلنگ کا کام ہوتا تھا جو ایتھوپیا سے پیدل سفر کرنے کے بعد اس مقام تک پہنچتے تھے۔ ان لوگوں کو سمندر یا فضائی راستے سے اسرائیل بھیجا جاتا تھا۔ اس آپریشن کی غیر معمولی بات یہ تھی کہ یہ پانچ سال میں مکمل ہوا اور جب تک سوڈان کو خبر ہوئی، اسرائیلی ایجنٹ اپنا مشن مکمل کرنے کے بعد فرار ہو چکے تھے۔

#### 'ہولوکاسٹ': نازی افسر کی گرفتاری

1960 میں ارجنٹینا سے سابق نازی افسر ایڈولف ایخمین کا اغوا موساد کی سب سے یادگار انٹیلیجنس کامیابیوں میں سے ایک ہے۔ ایخمین ہولوکاسٹ کے اہم کرداروں میں سے ایک تھے جن پر دوسری عالمی جنگ کے دوران یہودیوں کے خلاف مظالم کے الزامات تھے۔ یاد رہے کہ یورپ میں یہودیوں کے قتل عام، جسے 'ہولوکاسٹ' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، میں تقریباً 60 لاکھ یہودی قتل کر دیے گئے تھے۔ تاہم جرمنی کی شکست کے بعد ایخمین فرار ہو گئے اور گرفتاری سے بچتے ہوئے متعدد ممالک سے ہوتے ہوئے ارجنٹینا پہنچ گئے۔ سنہ 1957 میں مغربی جرمنی کی ریاست ہیسے کے چیف پراسیکیوٹر فرٹز باؤر نے اسرائیل کی خفیہ ایجنسی موساد سے رابطہ کر کے اطلاع دی کہ ایڈولف زندہ ہیں اور ارجنٹائن میں واقع ایک خفیہ اڈے میں مقیم ہیں۔ موساد کی 14 خفیہ ایجنٹوں کی ایک ٹیم نے ان کا سراغ لگا کر انھیں اغوا کیا اور اسرائیل پہنچا دیا جہاں ایڈولف کے خلاف مقدمہ چلانے کے بعد انھیں سزائے موت دے دی گئی۔

#### آپریشن اینٹیبے

یوگینڈا میں 'آپریشن اینٹیبے' کو اسرائیل کی سب سے کامیاب عسکری کارروائیوں میں سے ایک مانا جاتا ہے جس کے دوران موساد کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر اسرائیلی فوج نے آپریشن کیا تھا۔ اس آپریشن میں اسرائیلی کمانڈوز نے تل ابیب سے براستہ ایتھنز پیرس جانے والے ایک مسافر بردار طیارے کو ہائی جیک کر لیا گیا تھا جس میں 250 مسافر سوار تھے۔ ان مسافروں میں 103 اسرائیلی شہری تھے۔ اس طیارے کو ہائی جیک کرنے والے پاپولر فرنٹ فار لبریشن آف فلسطین کے دو اراکین کے ساتھ دو جرمن شہری بھی شریک تھے جن طیارے کو یوگانڈا لے گئے۔ اسرائیلی کارروائی کے دوران کمانڈوز کی ایک ٹیم نے 100 مسافروں کو بحفاظت آزاد کروا لیا تھا۔ اس کارروائی کے دوران تین یرغمال مسافروں سمیت موجودہ اسرائیلی وزیر اعظم نتن یاہو کے بھائی یوناتن نتن یاہو بھی ہلاک ہو گئے تھے جو اسرائیلی فوجی تھے۔ اس آپریشن کے دوران یوگانڈا کے متعدد فوجی بھی مارے گئے تھے۔

#### میونخ اولمپکس میں کھلاڑیوں کے قتل کا بدلہ

1972 میں فلسطینی گروہ 'بلیک ستمبر' نے جرمنی میں منعقد ہونے والے میونخ اولمپکس کے دوران اسرائیلی اولمپکس ٹیم کے دو اراکین کو ہلاک اور نو کو یرغمال بنا لیا تھا۔ مغربی جرمنی کی پولیس کی جانب سے ان یرغمالیوں کو آزاد کروانے کی کارروائی کے دوران تمام قیدی ہلاک ہو گئے تھے۔ بعد میں موساد نے فلسطین لبریشن آرگنائزیشن کے کئی اراکین کو نشانہ بنایا جن میں محمود ہمشیری بھی شامل تھے جنھیں پیرس کے اپارٹمنٹ میں ان کے فون میں دھماکہ خیز مواد نصب کر کے قتل کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس فون دھماکے میں محمود ہمشیری کی ایک ٹانگ ضائع ہو گئی تھی اور بعد میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ان کی موت واقع ہوئی۔

### موساد کی ناکامیاں

متعدد کامیابیوں کے باوجود موساد کی ہر کارروائی منصوبہ بندی کے مطابق نہیں ہوئی اور انٹیلی جنس کی متعدد ناکامیاں بھی ہوئی ہیں۔

#### سات اکتوبر کا حملہ

حماس کی جانب سے سات اکتوبر 2023 کو غزہ کی سرحد کے قریب اسرائیلی قصبوں پر کیے گئے حملے نے ملک کو مکمل طور پر حیران کر دیا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق موساد کی جانب سے حملے کی پیش گوئی کرنے میں ناکامی کو ایک بڑی ناکامی قرار دیا جا رہا ہے جو حماس کے حوالے سے اسرائیل کی ڈیٹرنس پالیسی کی کمزوری کی عکاسی کرتا ہے۔ اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ سات اکتوبر کے حملے کے نتیجے میں تقریباً 1200 افراد ہلاک ہوئے جن میں زیادہ تر عام شہری تھے۔ تقریباً 251 افراد کو یرغمال بنا کر غزہ واپس لے جایا گیا۔ حماس کے حملے کے جواب میں اسرائیل نے غزہ کی پٹی پر جنگ کا آغاز کیا جس کے نتیجے میں اب تک 55 ہزار سے زائد افراد ہلاک ہو چکے ہیں جن میں اکثریت عام شہریوں کی ہے۔

#### یوم کپور جنگ

حماس کے حملے سے تقریباً 50 سال پہلے اسرائیل کو ایک اور ایسے ہی اچانک حملے کا سامنا کرنا پڑا جس کے لیے وہ تیار نہیں تھا۔ چھ اکتوبر 1973 کو مصر اور شام نے جزیرہ نما سینا اور گولان پر قبضہ کرنے کے لیے اسرائیل پر اچانک حملہ کر دیا تھا۔ اس حملے میں، جو یہودیوں کے کفارہ کے دن یوم کپور پر کیا گیا تھا، اسرائیل کے خلاف مصر اور شام نے بیک وقت دو محاذ کھول دیے تھے اور اسرائیل ابتدائی دنوں میں تیار دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ مصری فوج بہت کم نقصان اٹھاتے ہوئے نہر سوئز پار کرنے میں کامیاب ہو گئی تھی، جبکہ شامی فوج بھی گولان کی پہاڑیوں تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئی تھی۔ سوویت یونین کی جانب سے شام اور مصر کو اسلحہ اور رسد فراہم کیا گیا جبکہ امریکہ نے ہنگامی بنیادوں پر اسرائیل کی مدد کی تھی۔ تاہم اسرائیل بعد میں مصر اور شام کی فوجوں کو پسپا کرنے میں کامیاب رہا اور 25 اکتوبر کو جنگ اختتام پذیر ہوئی تھی۔ اس سے چار دن قبل ہی اقوام متحدہ میں جنگ روکنے کی قرارداد منظور ہوئی تھی۔

#### جب اسرائیل کو حماس رہنما کی جان بچانی پڑی

1997 میں حماس کے سیاسی رہنما خالد مشعل کو اردن میں زہر دے کر قتل کرنے کی کوشش کی وجہ سے ایک بڑے سفارتی بحران نے جنم لیا تھا۔ یہ کارروائی اس وقت ناکام ہو گئی تھی جب ایک اسرائیلی ایجنٹ پکڑا گیا جس کے بعد اسرائیل کو مجبوراً خالد مشعل کو دیے جانے والے زہر کا اثر زائل کرنے والی دوا دے کر ان کی جان بچانی پڑی۔ اس کام کے لیے موساد کے سربراہ ڈینی یاٹوم خصوصی طور پر ایک طیارے میں اردن پہنچے تاکہ خالد مشعل کا علاج کیا جا سکے۔ اس کارروائی کے بعد اردن اور اسرائیل کے تعلقات بگڑ گئے تھے۔

#### حماس رہنما محمود الظہر پر ناکام قاتلانہ حملہ

2003 میں اسرائیل نے غزہ شہر میں حماس رہنما محمود الظہر کے گھر پر فضائی حملہ کیا۔ اس کارروائی میں محمود الظہر تو بچ گئے تھے لیکن ان کی بیوی اور بیٹا خالد متعدد دیگر افراد کے ساتھ ہلاک ہو گئے تھے۔ اس حملے میں ان کا گھر مکمل طور پر تباہ ہو گیا تھا جس سے گنجان آباد علاقوں میں فوجی کارروائیوں کے سنگین نتائج برآمد ہوئے تھی۔

#### لاوون افیئر

1954 میں مصری حکام نے اسرائیل کے ایک خفیہ آپریشن، جس کا نام 'سوزانا' تھا، کو ناکام بنا دیا تھا۔ اسرائیل کا منصوبہ تھا کہ مصر میں امریکی اور برطانوی تنصیبات میں بم رکھے جائیں تاکہ برطانیہ سوئز میں اپنی فوج رکھنے پر مجبور ہو جائے۔ اس ناکام آپریشن کے بعد پیدا ہونے سفارتی بحران کو اس وقت کے اسرائیلی وزیر دفاع پنہاس لاوون کی وجہ سے 'لاوون افیئر' کا نام دیا گیا جن کے بارے میں گمان کیا جاتا ہے کہ وہ اس کارروائی کی منصوبہ بندی میں شریک تھے۔

# ٹرمپ اور آرمی چیف عاصم منیر کی وائٹ ہاؤس میں 'غیر معمولی' ملاقات

## 'اسے صرف ایران اور اسرائیل کے تناظر میں نہیں دیکھنا چاہیے'



امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ بدھ کے دن پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کریں گے۔ یہ ملاقات واشنگٹن یعنی امریکی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے وائٹ ہاؤس میں ہونے جا رہی ہے۔ امریکی انتظامیہ کی جانب سے جاری ہونے والے شیڈول کے مطابق وائٹ ہاؤس کے کیبنٹ روم میں لنچ کے وقت امریکی صدر اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ملاقات ہوگی۔ تاہم اس ملاقات میں اور کون شریک ہوگا، اس حوالے سے کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئی ہیں۔ اس ملاقات کے دوران میڈیا کے نمائندے بھی موجود نہیں ہوں گے۔ یاد رہے کہ یہ ملاقات ایک ایسے وقت میں ہونے جا رہی ہے جب ایران پر اسرائیل کے 13 جون کو ہونے والے حملے کے بعد سے دونوں ممالک کے درمیان تنازع شدت اختیار کر چکا ہے اور اس وقت یہ چہ مگوئیاں جاری ہیں کہ آیا امریکہ خود بھی ایران کے خلاف کارروائی کا حصہ بنے گا یا نہیں۔ گزشتہ روز ٹرمپ کینیڈا میں جی سیون کا اجلاس چھوڑ کر واشنگٹن واپس آ گئے تھے جس کی وجہ ایران اور اسرائیل کا تنازع بتایا گیا تھا۔ ایران اور اسرائیل کی کشیدگی کے پیچ یہ خدشات بھی موجود ہیں کہ یہ تنازع پھیل سکتا ہے اور خطے کے دیگر ممالک بھی اس کی زد میں آ سکتے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مئی کے اواخر میں ہی ایرانی افواج کے چیف آف سٹاف محمد حسین باقری سے ملاقات کی تھی جو 13 جون کو ہونے والے اسرائیلی حملے میں نشانہ بنائے گئے اور اس کے نتیجے میں ہلاک ہو گئے۔ اور شاید یہی وجہ ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی امریکی صدر سے ملاقات کے بارے میں سوشل میڈیا پر بہت سی آرا سامنے آ رہی ہیں۔ تاہم اب تک پاکستانی فوج کے ادارے انٹر سروسز پبلک ریلیشنز یعنی آئی ایس پی آر کی جانب سے اس ملاقات کے حوالے سے کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئی اور نہ ہی یہ بتایا گیا کہ اس ملاقات کا ایجنڈا کیا ہو گا۔ لیکن یاد رہے کہ پاکستانی آرمی چیف 14 جون سے امریکہ کے دورے پر ہیں اور امریکی صدر سے ان کی ملاقات پہلے سے ہی طے تھی۔ پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اس ملاقات پر تجزیہ کار مائیکل کوگلمین نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ 'اس ملاقات کو صرف ایران اور اسرائیل کے تنازع کے تناظر میں نہیں دیکھنا چاہیے۔' ان کے مطابق 'امریکہ اور پاکستان کے درمیان معدنیات، کرپٹو اور انسداد دہشت گردی سمیت کئی معاملات پر شراکت داری ہو رہی ہے۔' مائیکل کوگلمین کا کہنا تھا کہ 'ٹرمپ ان معاملات میں گہری ذاتی دلچسپی لیتے ہیں اور عاصم منیر اتنے بااختیار ہیں کہ وہ ان سب کے بارے میں ہی بات کر سکتے ہیں۔' ساتھ ہی ساتھ مائیکل کوگلمین کا کہنا تھا کہ اس ملاقات میں کشمیر پر بھی بات ہوگی۔ یاد رہے کہ پاکستان اور انڈیا کے درمیان چار روزہ تنازع کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے متعدد بار یہ دعویٰ کیا ہے کہ انھوں نے دونوں ممالک کے درمیان جنگ بندی کروائی اور ساتھ ہی ساتھ انھوں نے کشمیر پر ثالثی کی پیشکش بھی کی تھی۔ پاکستان نے ڈونلڈ ٹرمپ کی اس پیشکش کا خیر مقدم کیا تاہم انڈیا کی جانب سے ٹرمپ کی پیشکش پر سرکاری طور پر کوئی موقف نہیں دیا گیا۔ مائیکل کوگلمین کا مزید کہنا تھا کہ 'سینیئر امریکی حکام پاکستان کے فوجی سربراہان سے اکثر ملتے ہیں' لیکن ان کی رائے میں 'ایسا کم ہی ہوتا ہے کہ امریکی صدر پاکستان کے آرمی چیف کو وائٹ ہاؤس میں مدعو کریں۔' ان کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ٹرمپ سے ہونے والی ملاقات اس لیے بھی نہایت اہم ہے کیوں کہ اس وقت ٹرمپ انتظامیہ ایران اور اسرائیل کے درمیان ہونے والی لڑائی میں اپنے اگلے اقدامات پر غور کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ ایک ہفتہ قبل ہی امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کے چیف، جنرل مائیکل کوریلا نے دعویٰ کیا تھا کہ افغانستان سے امریکی انخلا کے موقع پر کابل ایئرپورٹ کے ایبی گیٹ حملے کے مرکزی کردار 'جعفر' (شریف اللہ) کو گرفتار کرنے کے بعد پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے سب سے پہلے انھیں فون کیا اور کہا کہ 'میں (پاکستان) نے اسے (جعفر) پکڑ لیا ہے اور میں اسے امریکہ کے حوالے کرنے کے لیے تیار ہوں۔ پلیز سیکریٹری دفاع اور صدر (ٹرمپ) کو بتا دیں۔' جنرل مائیکل کوریلا گزشتہ ہفتے منگل کو واشنگٹن میں ہاؤس آرمڈ سروسز کمیٹی کی 'مشرق وسطیٰ اور افریقہ میں امریکی فوجی حکمت عملی اور قومی سلامتی کے چیلنجز' پر سماعت کے دوران افغانستان اور پاکستان کی سرحدی صورتحال پر سوالات کے جواب دے رہے تھے۔ جنرل مائیکل کوریلا نے اس موقع پر پاکستان کو انسدادِ دہشت گردی کے شعبے میں ایک 'شاندار اور قابلِ اعتماد پارٹنر' قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ امریکہ کی پاکستان کے ساتھ شاندار پارٹنرشپ اور انٹیلیجنس کے تبادلے کے تحت انھوں نے داعش خراسان کے خلاف کارروائیاں کیں، درجنوں دہشتگردوں کو ہلاک کیا اور انھوں نے داعش خراسان کے کم از کم پانچ اہم ارکان کو گرفتار کر کے امریکہ کے حوالے کیا۔ جنرل مائیکل کوریلا نے کمیٹی ممبران کو بتایا کہ 'ہم دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان ہماری فراہم کردہ محدود انٹیلیجنس کے باوجود، اپنے دستیاب وسائل سے داعش خراسان کے خلاف مؤثر کارروائیاں کر رہا ہے اور اس کارروائیوں کا اثر بھی نظر آ رہا ہے۔' اس سے قبل آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اپنے دورہ امریکہ کے دوران اوورسیز پاکستانیوں سے واشنگٹن میں ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے اعلامیے کے مطابق اوورسیز پاکستانیوں نے افواج پاکستان کی انڈیا کے خلاف کارکردگی کا سراہا جبکہ آرمی چیف نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے اوورسیز پاکستانیوں کے اس اہم کردار پر بات کی جو بطور ملک کے سفیر کے وہ ادا کر سکتے ہیں۔ اعلامیے کے مطابق عاصم منیر نے پاکستان کی معیشت میں اوورسیز پاکستانیوں کے کردار کو بھی سراہا اور ساتھ ہی ساتھ ملک کی عالمی شہرت میں حصہ ڈالنے پر بھی اوورسیز پاکستانیوں کی تعریف کی۔ آرمی چیف نے اس موقع پر اوورسیز پاکستانیوں نے رابطوں کی اہمیت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ انھیں مل کر مشترکہ چیلنجز پر کام کرنے اور شراکت داری کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔

(بی بی سی اردو سروس)

# انڈین طیارے کی آخری ویڈیو بنانے والا نوجوان

## 'بیٹا اتنا خوفزدہ ہے کہ اس نے فون استعمال کرنا چھوڑ دیا'



**زویا متین**

آریان اساری جب بھی ہوائی جہاز کی آواز سنتا، وہ اسے دیکھنے کے لیے ڈھونڈتے ہوئے گھر سے باہر نکل جاتا۔ ان کے والد مگن بھائی اساری کا کہنا ہے کہ آسمان پر اڑتے ہوائی جہاز دیکھنا اس کے لیے ایک مشغلہ تھا۔ آریان کو ہوائی جہاز کے انجن کی گرجنے والی آواز بہت پسند تھی اور پھر جب کوئی ہوائی جہاز اس کے سر کے اوپر سے گزرتا ہوا کنٹریل (فضا میں بخارات کی لکیر) چھوڑتا ہوا بلند ہوتا تو یہ بھی محظوظ ہوتا۔ مگر اب فضا میں اڑتے جہاز کا سوچ کر بھی وہ ڈر جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ گذشتہ جمعرات کو 17 سالہ نوجوان آریان انڈیا کے شہر احمد آباد میں اپنے گھر کی چھت پر قریب ہی موجود ہوائی اڈے سے اڑتے اور لینڈ کرتے ہوائی جہازوں کی ویڈیو بنا رہا تھا جب ایئر انڈیا کا ڈریم لائنر 787 اس کی آنکھوں کے سامنے گر کر تباہ ہو گیا اور شعلوں کی لپیٹ میں آ گیا۔ اس فضائی حادثے میں جہاز میں سوار 241 افراد ہلاک ہوئے تھے جبکہ زمین پر موجود تقریباً 30 لوگ بھی مارے گئے تھے۔ اس جہاز کے حادثے کا شکار ہونے کے آخری لمحات کی ویڈیو آریان کے موبائل فون سے ہی بنی تھی۔ انھوں نے اس ہفتے کے اوائل میں بی بی سی گجراتی کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے بتایا تھا کہ میں نے ہوائی جہاز کو دیکھا۔ یہ نیچے کی طرف جا رہا تھا۔ پھر یہ میری آنکھوں کے سامنے ہچکولے کھانے لگا اور گر کر تباہ ہو گیا۔ یہ ویڈیو جو اب اس فضائی حادثے کی وجوہات جاننے کی کوشش کرنے والے تفتیش کاروں کے لیے ایک اہم سراغ ہے، نے نیوز میڈیا میں ہلچل مچا دی ہے اور آریان جو ایک ہائی سکول کے طالب علم ہیں کو ملکی تاریخ کی بدترین ہوابازی کے حادثے میں مرکزی مقام دلا دیا ہے۔ میگن بھائی اساری نے بی بی سی کو بتایا کہ ہمارے پاس انٹرویو کی درخواستوں کی بھرمار ہے۔ رپورٹرز دن رات میرے گھر کے اردگرد گھومتے رہتے ہیں اور ہم سے بات کرنے کو کہتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اس واقعے نے اور اس کے بعد جو کچھ ہوا ہے نے آریان پر تباہ کن اثر ڈالا ہے، اس نے جو کچھ دیکھا اس سے وہ صدمے کا شکار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 'میرا بیٹا اتنا خوفزدہ ہے کہ اس نے اپنا فون استعمال کرنا چھوڑ دیا ہے۔' میگن بھائی اساری ایک ریٹائرڈ فوجی ہیں اور شہر کی میٹرو سروس کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ وہ تین سال سے احمد آباد کے ہوائی اڈے کے قریب ایک محلے میں مقیم ہیں۔ وہ حال ہی میں ایک تین منزلہ عمارت کی چھت پر واقع ایک چھوٹے سے کمرے میں منتقل ہوئے ہیں جہاں سے شہر کا صاف نظارہ تھا۔ ان کی بیوی اور دو بچے، آریان اور اس کی بڑی بہن گجرات اور راجستھان ریاستوں کی سرحد کے قریب اپنے آبائی گاؤں میں رہتے ہیں۔ میگن بھائی اساری نے بتایا کہ آریان پہلی مرتبہ احمد آباد آیا تھا، دراصل وہ زندگی میں پہلی بار اپنے گاؤں سے باہر آیا تھا۔ انھوں نے بتایا کہ میں جب بھی فون کرتا، آریان پوچھتا کہ کیا میں ہماری چھت سے ہوائی جہاز دیکھ سکتا ہوں اور میں اسے بتاتا کہ آپ ان میں سے سینکڑوں کو آسمان کی طرف لپکتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ آریان ہوائی جہازوں کا شیدائی ہے اور اسے اپنے گاؤں میں انھیں آسمان پر اڑتا دیکھنا بہت پسند تھا۔ ان کے لیے یہ خیال بہت اچھا تھا کہ وہ اپنے والد کے گھر کی چھت سے ان جہازوں کو مزید قریب سے دیکھ سکیں گے۔ آریان کو یہ موقع اس وقت ملا جب گزشتہ ہفتے ان کی بڑی بہن جو پولیس افسر بننا چاہتی ہے داخلے کا امتحان دینے کے لیے احمد آباد آئیں۔ میگن بھائی اساری نے بتایا کہ آریان نے اس کے ساتھ آنے کا فیصلہ کیا۔ ان نے مجھے بتایا کہ وہ نئی کتابیں اور کپڑے خریدنا چاہتا ہے۔ دونوں بہن بھائی گاؤں سے جمعرات کو دوپہر کے وقت تقریباً اس فضائی حادثے سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے ہی اپنے والد کے گھر پہنچے تھے۔ انھوں نے اپنے والد کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھایا جس کے بعد میگن بھائی اساری انھیں گھر پر چھوڑ کر کام پر چلے گئے۔ انھوں نے بی بی سی گجراتی کو بتایا کہ اس کے بعد آریان چھت پر گیا اور اپنے دوستوں کو دکھانے کے لیے گھر کی ویڈیوز بنانا شروع کر دیں۔ جب اس نے ایئر انڈیا کے طیارے کو دیکھا تو اس کی فلم بندی شروع کر دی۔ انھوں نے کہا کہ آریان کو جلد ہی احساس ہو گیا کہ جہاز کے ساتھ کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ وہ ہچکولے کھا رہا تھا، دائیں بائیں جا رہا تھا۔ جیسے ہی جہاز زمین کی جانب جھکنے لگا وہ ویڈیو بناتے رہے اور یہ نہیں جانتے تھے کہ آگے کیا ہونے والا ہے۔ لیکن جب انھوں نے فضا میں گہرا کالا دھواں اور عمارتوں سے آگ کا بگولہ اٹھتے دیکھا تو انھیں احساس ہوا کہ انھوں نے کس چیز کا مشاہدہ کیا ہے۔ انھوں نے یہ ویڈیو اپنے والد کو بھیجی اور انھیں کال کی۔ میگن بھائی اساری نے بتایا کہ وہ فون کال پر بہت خوفزدہ تھا۔ پاپا میں نے دیکھا، میں نے جہاز گرتے دیکھا، اس نے مجھ سے یہ کہا اور بار بار پوچھتا رہا کہ اس کے ساتھ کیا ہو گا۔ میں نے اس سے کہا کہ آرام سے بیٹھو اور پریشان مت ہو۔ لیکن وہ بہت زیادہ ڈرا ہوا تھا۔ میگن بھائی اساری نے اپنے بیٹے سے یہ بھی کہا کہ وہ اس ویڈیو کو مزید شیئر نہ کریں۔ تاہم وہ بہت زیادہ خوفزدہ اور ڈرا ہوا تھا، اس نے اس ویڈیو کو اپنے کچھ دوستوں کو بھیج دیا تھا۔ ہمیں جو اگلا پتا ہے وہ یہ تھا کہ یہ ویڈیو ہر جگہ تھی۔ اگلے کچھ دن اس خاندان کے لیے کسی برے خواب سے کم نہ تھے۔ پڑوسیوں، رپورٹرز اور کیمرہ پرسن نے دن رات میگن بھائی اساری کے چھوٹے سے گھر میں گھس کر آریان سے بات کرنے کی درخواست کی۔ انھوں نے کہا کہ ہم انھیں روکنے کے لیے کچھ نہیں کر سکتے تھے۔ اس خاندان کے پاس پولیس بھی آئی اور انھوں نے آریان کو تھانے لے جا کر اس کا بیان ریکارڈ کیا۔ میگن بھائی اساری نے یہ واضح کیا کہ رپورٹس کے برعکس آریان کو پولیس نے تحویل میں نہیں رکھا مگر پولیس نے اس سے کچھ گھنٹوں کی تفتیش کی تھی کہ اس نے کیا دیکھا۔ اس وقت میرا بیٹا اتنا پریشان تھا کہ ہم نے اسے گاؤں واپس بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ میگن بھائی اساری نے بتایا کہ گھر واپس جا کر آریان نے دوبارہ سکول شروع کر دیا ہے لیکن وہ اب بھی خود کو پہلے جیسا محسوس نہیں کر رہا ہے۔ اس کی ماں مجھے بتاتی ہے کہ جب بھی اس کا فون بجتا ہے، وہ ڈر جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں جانتا ہوں کہ وہ وقت کے ساتھ ٹھیک ہو جائے گا۔ لیکن مجھے نہیں لگتا کہ میرا بیٹا دوبارہ آسمان میں ہوائی جہاز تلاش کرنے کی کوشش کرے گا۔

## سب سے 'طاقتور' امریکی بم جو ایرانی پہاڑوں میں چھپے ایٹمی بنکرز کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے

ایران کے زیر زمین ایٹمی پلانٹس کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھنے والے ہتھیاروں میں سے ایک جسے اب تک استعمال نہیں کیا گیا ہے وہ جی بی یو-57 اے/بی میسیو آرڈیننس پینیٹریٹر (ایم او پی) بم ہے۔ دنیا کا سب سے طاقتور غیر جوہری 'بنکر شکن' بم صرف امریکہ کی ملکیت ہے اور اسرائیل بھی اسے حاصل نہیں کر سکا ہے۔ 30 ہزار پاؤنڈ یا 13,600 کلوگرام وزنی یہ بم شاید پہاڑ کے نیچے بنے ایران کے فردو ایٹمی پلانٹ کے مرکز کو نقصان پہنچا پائے۔ لیکن امریکہ نے اب تک اسرائیل کو بھی اس بم تک رسائی نہیں دی ہے۔ لیکن یہ ہتھیار ہے کیا اور آیا اسے استعمال کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔ امریکی حکومت کے مطابق ایم پی او ایک ایسا ہتھیار ہے جو زیر زمین گہرائی میں بنے مضبوط بنکرز اور سرنگوں کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ چھ میٹر لمبا یہ ہتھیار زمین میں 200 فٹ کی گہرائی تک مار کر سکتا ہے۔ اس سے زیادہ گہرائی تک نقصان پہنچانے کے لیے ان بموں کو یکے بعد دیگرے پھینکا جا سکتا ہے۔ یہ بم بوئنگ کمپنی نے تیار کیا ہے۔ لیکن اس بم کو کبھی میدانِ جنگ میں استعمال نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم امریکی ریاست نیو میکسیکو میں واقع وائٹ سینڈس میزائل رینج میں اس کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ یہ 2017 میں افغانستان میں استعمال کیے گئے 9,800 کلو گرام وزنی 'مدر آف آل بم - ایم او اے بی' سے بھی طاقتور ہے۔ برطانیہ کی بریڈفورڈ یونیورسٹی میں پیس سٹڈیز کے پروفیسر پال راجرز کہتے ہیں کہ امریکی فضائیہ نے ایم او اے بی جیسا بڑے سائز کا بم تیار کرنے میں کافی محنت کی ہے۔ لیکن اس میں فرق یہ کہ ایم او پی میں دھماکہ خیز مواد ایک انتہائی سخت دھاتی کیس میں ہوتا ہے۔ فی الحال سٹیلتھ بمبار کے نام سے مشہور امریکی بی-2 سپرٹ طیارہ ہی یہ بم گرانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بی-2 سپرٹ امریکی فضائیہ کے سب سے جدید طیاروں میں سے ایک ہے اور اسے نارتھروپ گرومن کمپنی نے تیار کیا ہے۔ کمپنی کے مطابق، بی-2 بمبار طیارہ 40 ہزار پاؤنڈ (18 ہزار کلوگرام) کا پے لوڈ لے جا سکتا ہے۔ تاہم امریکی فضائیہ کا دعویٰ ہے کہ وہ اس طیارے میں بیک وقت دو ایم او پی لے جانے کا کامیاب تجربہ کر چکے ہیں جن کا مجموعی وزن 60 ہزار پاؤنڈ (27,200 کلوگرام) بنتا ہے۔ نارتھروپ گرومن کا کہنا ہے کہ یہ جہاز ری فیول کیے بغیر سات ہزار میل (11 ہزار کلومیٹر) کا سفر طے کر سکتا ہے جبکہ دورانِ پرواز ایک مرتبہ ری فیولنگ کے ساتھ 11 ہزار 500 میل یا 18 ہزار 500 کلومیٹر تک پرواز کر سکتا ہے۔ پروفیسر راجرز کا کہنا ہے کہ اگر ایم او پی کبھی استعمال کیا گیا تو بی-2 بمبار کی مدد کے لیے دوسرے طیارے بھی استعمال کرنے پڑیں گے۔ مثال کے طور پر، دشمن کے دفاعی نظام کو کمزور کرنے کے لیے اس کے ساتھ ایف-22 سٹیلتھ طیارے بھی استعمال کرنے پڑیں گے جبکہ بعدازاں صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے ڈرون استعمال کیے جا سکتے ہیں تاکہ یہ پتا لگایا جا سکے کہ آیا دوبارہ حملے کی ضرورت ہے کہ نہیں۔

